24 مئی 2018ء

پاکستان اور چین کے مرکزی بینکوں کے درمیان دو طرفہ کرنسی سواپ انتظام میں توسیع

بینک دولت پاکستان اور پیپلز بینک آف چائنا کے درمیان متعلقہ مقامی کرنسیوں میں کرنسی سواپ اریجمنٹ کی مدت میں تین سال کی توسیع کر دی گئی ہے۔ دونوں مرکزی بینکوں کے درمیان کرنسی سواپ انتظام کی رقم کو 10 ارب چائنا یوآن رین من بی سے بڑھا کر 20 ارب چائنا یوآن رین من بی اور 165 ارب روپے سے بڑھا کر 351 ارب روپے کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ کرنسی سواپ انتظام کی رقم میں اضافے سے دونوں مرکزی بینکوں کے دو طرفہ تجارت و سرمایہ کاری میں مقامی کرنسیوں کے استعمال کو فروغ دینے اور دونوں ملکوں کے درمیان مالی تعاون کو مضبوط بنانے کو تقویت ملتی ہے۔

****